نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کا ماڈل بازار وحدت روڈ اور میاں پلازہ جوہر ٹاؤن میں محکمہ زراعت پنجاب کے تحت قائم فیئر پرائس شاپس کا اچانک دورہ۔

فیئر پرائس شاپس پر اشیاء کی کوالٹی برقرار رکھنے کیلئے مانیٹرنگ کا فول پروف انتظام کیا گیا ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور24مارچ2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے آج ماڈل بازار وحدت روڈ اور میاں پلازہ جوہر ٹاؤن لاہور میں محکمہ زراعت کے تحت فیئر پرائس شاپس کا اچانک دورہ کیا اور اشیاء کی کوالٹی و سپلائی اینڈ ڈیمانڈ کا جائزہ لیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبہ بھر میں 51 فیئر پرائس شاپس رمضان المبارک کے موقع پر قائم کی گئی ہیں جن میں 36 فیئر پرائس شاپس ماڈل بازار جبکہ 15 رمضان بازاروں میں واقع ہیں۔انھوں نے مزید بتایا کہ یہ فیئر پرائس شاپس روزانہ کی بنیاد پر صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک کھلی رہتی ہیں اور یہاں ہول سیل مارکیٹ کی نسبت قیمتیں 25 فیصد کم ہیں۔ان فیئر پرائس شاپس پر 13 اشیاء بشمول سبزیاں، پھل، دال چنا اور بیسن وافر مقدار میں موجود ہیں۔ان فیئر پرائس شاپس پر اشیاء کی بہترین کوالٹی کی دستیابی کیلئے واضح احکامات صادر کئے گئے ہیں اور متعلقہ افسران وعملہ روزانہ کی بنیاد پر اسٹاک کا جائزہ لیتا ہے۔ان فیئر پرائس شاپس پر متعین کردہ عملہ متحرک اور چاک و چوبند ہے۔شہریوں کی جانب سے کسی بھی قسم کی شکایت کی صورت میں فوری ازالہ کیا جاتا ہے۔اپنے دورہ کے موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے متعلقہ افسران وعملہ کو آلو، ٹماٹر اور پیاز کیلئے علیحدہ کاونٹر قائم کرنے کی ہدایت کی تاکہ زیادہ رش اور لمبی لائینں نہ لگیں اور عوام باآسانی خریداری کر سکیں۔سیکرٹری زراعت نے کہا کہ ان فیئر پرائس شاپس پر اشیاء کی کوالٹی کو برقرار رکھنے کیلئے مانیٹرنگ کا فول پروف انتظام کیا گیا ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کے دورہ کے دوران ڈائریکٹر جنرل پامرا طارق محمود، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں و دیگر افسران ہمراہ تھے۔

☆☆☆☆